# سجدے میں تین مرتبہ پڑھی جانے والی ایک دعا

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ، یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ، یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ

**ترجمہ:**

اے رب! میری بخشش فرما، اے رب! میری بخشش فرما، اے رب! میری بخشش فرما۔

مصنف ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے: قال أبو سعيد الخدري: ما وضع رجل جبهته للہ ساجدا، فقال: يَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ، یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ، یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ثلاثا إلا رفع رأسه و قد غفر له ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو شخص بھی اللہ کے حضور سجدے میں اپنی پیشانی رکھتا ہے پھر تین مرتبہ یہ (اوپر ذکر کردہ دعا) پڑھ لیتا ہے تو وہ اپنا سر (سجدے سے) نہیں اٹھاتا مگر اس (سے پہلے پہلے اس) کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، جلد 6، صفحہ 29، رقم الحدیث: 19233، مطبوعہ مکتبۃ الرشد)

**نوٹ:** یہ یاد رہے کہ احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رکوع اور سجدے میں مختلف قسم کی دعائیں پڑھنا منقول ہیں۔ اور جو بھی دعائیں احادیث میں بیان کی گئی ہیں، علمائے کرام نے فرمایا کہ یہ احادیث نوافل پر محمول ہیں یعنی تنہا نوافل پڑھنے والا یہ دعائیں پڑھے تو کوئی حرج نہیں۔